© rasailojaraid.com



عبدالرحیم الٰہ آبادی

# مدینہ کے مسافر سے

خجستہ بخت مسافر رہِ حجاز ذرا
مِرا بھی بہرِ خدا اِک پیام لیتا جا
تو جا رہا ہے تو فرقت نصیب عاشق کا
حضورِ خواجۂ یثرب سلام لیتا جا
یہ عرض آپ کی اُمّت ہے قعرِ ذلت میں
ببارگاہِ رسولِ اَنام لیتا جا
عطا کرے گا یقیناً تجھے بقائے دوام
تو نامِ ختمِ رسل صبح و شام لیتا جا
تڑپ رہا ہے فراقِ رسول میں جاویدؔ
سلام عاشقِ ناشاد کام لیتا جا
”چوبا حبیب نشینی و بادہ پیمائی
تو یاد آر حریفانِ بادہ پیما را“

☆......☆......☆


ماہانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان

ابن امیر شریعت
حضرت پیرجی
سید عطاء المہیمن بخاری
دامت برکاتھم
(امیر مجلس احرار اسلام پاکستان)

26 نومبر 2015ء
جمعرات بعد نماز مغرب

دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان

نوٹ: ہر انگریزی ماہ کی آخری جمعرات کو بعد نمازِ مغرب مجلسِ ذکر و اصلاحی بیان ہوتا ہے

الداعی سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان 061-4511961




© rasailojaraid.com